26978-حج بدل کی اجرت لینا

سوال

میرا خاوند فوت ہوچکا ہے اللہ تعالی اس پر رحم کرے، ان شاء اللہ میرا ارادہ ہے کہ اس سال میں کسی شخص کو اس کی طرف سے حج کراؤں، تو کیا تو اس کی طرف سے حج بدل کرے گا اس کے لیے کھانے پینے اور گاڑی اور خیموں کے کرایہ کے علاوہ اپنی محنت کے بدلے میں بھی پیسے لینے جائز ہیں کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

کسی کی طرف سے حج بدل کرنے کے لیے مقرر کردہ اجرت لینا جائز ہے چاہے وہ رقم حج میں
کھانے پینے اور دوسرے خرچہ وغیرہ سے زیادہ ہی کیوں نہ ہو، اور اس کے لیے مشروع یہ ہے
کہ وہ اس حج میں خیر وبھلائی کے ارادہ سے شامل ہو اور حج میں اس کے لیے جو کچھ میسر ہو سکے
حرم میں عبادات بجالائے، اس کا مقصد اور ارادہ صرف مال کا حصول ہی نہیں ہونا چاہیے
.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .